معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin کی جانب گامزن

مسوّدہ رپورٹ – مختصر جائزہ اپریل 2019

یہ مختصر جائزہ معمّر افراد کے لیے دوستانہ **Darebin** کی رپورٹ کے مسوّدے کا خلاصہ ہے، جسے ماہرین کے ایک خودمختار پینل نے بنا کر **Darebin** کاؤنسل کو جمع کروایا ہے۔ اس رپورٹ کے پینل ارکان اور مصنّفین **Dr Rhonda Galbally** اور **Peter Allen** ہیں۔

Darebin کاؤنسل نے وفاقی حکومت کی جانب سے گھروں میں فراہم کی جانے والی معاونتی خدمات میں مجوّزہ اصلاحات کے نتیجے میں پینل کو یہ جائزہ لینے کے لیے مقرر کیا۔

Rhonda Galbally

Rhonda عوامی صحت اور کمیونٹی کے شعبوں میں اپنی قیادت، اور معذور افراد کی حمایت کے حوالے سے جانی پہچانی جاتی ہیں۔ انہوں نے کئی ممتاز عہدوں پر کام کیا ہے جن میں Victorian Health Promotion Foundation (VicHealth) کی سی ای او، Our Community Pty Ltd کی شریک بانی، Royal Women's Hospital کی صدر، National People with Disability and Carers Council کی صدر، اور Independent Advisory Council for the National Disability Insurance Agency (NDIA). کے بورڈ کی سربراہ رکن (صدر) شامل ہیں۔ 2005 میں Dr Galbally کو وکٹوریہ کی ممتاز ترین خواتین کی فہرست (Victorian Honour Roll of Women) میں شامل کیا گیا اور 2012 میں National Disability Awards کے موقع پر انہیں وزیراعظم کے حسن کارکردگی ایوارڈ (Prime Minister's Outstanding Achievement Award) سے نوازا گیا۔ Rhonda کو سماجی مساوات کو فروغ دینے، بالخصوص معذور افراد کی صحت اور فلاح، اورمعاشرے میں گراں قدر خدمات کے اعتراف میں 2019 میں انہیں Companion (AC) of the Order of Australia مقرر کیا گیا۔

Peter Allen

Peter اس وقت Australia and New Zealand School of Government (ANZSOG) سے منسلک ہیں، جہاں وہ 2009 سے 2015 کے درمیان نائب صدر (Deputy Dean) رہے۔ اس سے پہلے انہوں نے وکٹوریہ کے سرکاری محکموں میں بڑے عہدوں پر 20 سال گزارے ہیں جن میں Department of Education and Training کے سیکرٹری، Department of Tourism, Sport and the Commonwealth Games کے سیکرٹری، Department of Human Services کے انڈر سیکرٹری اور Community Services کے ڈپٹی سیکرٹری شامل ہیں۔ اس سے پہلے وہ Brotherhood of St Laurence میں سماجی پالیسی اور تحقیق کے ڈائریکٹر رہے ہیں۔ Mr Allen نے Australian Health Practitioner Regulation Authority کے بانی صدر کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیں ہیں اور کئی کاؤنسلز اور بورڈز کے ممتاز ممبر بھی رہے ہیں۔

پینل رپورٹ کے اس مسوّدے کو بنانے میں INCITE information کے Paul Robertson کی بہترین درجے کی معاونت کا اعتراف کرتا ہے۔

سطحی خلاصہ

Darebin: معمّر افراد کے لیے دوستانہ شہر بننا

”عمر سے قطع نظر – ہم ’معاشرے‘ میں شمولیت اور قدر شناسی چاہتے ہیں۔“ (مشاورت کے دوران رائے)

فروری 2017 میں Darebin City Council (DCC) نے وکٹوریہ میں بڑی عمر کے افراد کو سہولتیں فراہم کرنے کے معاہدے پر دستخط کرکے اس بات کی تصدیق کی کہ کاؤنسل بڑی عمر کے افراد کو ذی اختیار بنا کر اور مندرجہ ذیل مسائل حل کرکے ایک ایسا شہر بنانے کے لیے مخلص ہے جس میں بڑی عمر کے افراد کے لیے سہولتیں ہوں۔

- سماجی شمولیت اور احترام؛
- کمیونٹی کی معاونت اور صحت کی خدمات؛
- سماجی شراکت داری اور روزگار؛
- رہائش؛ اور
- ٹرانسپورٹ اور تعمیراتی ماحول۔

Darebin کی آبادی کے چھٹے حصے سے زائد افراد 60 سال زائد عمر کے ہیں۔ اس عمر کے لوگوں کو معمّر افراد کی عوامی دیکھ بھال میں بڑی تبدیلیوں کا سامنا ہے اور اس کی وجہ آسٹریلوی حکومت کا معمّر افراد کی دیکھ بھال کے شعبے میں اصلاحات کرنا ہے۔ گھر میں دیکھ بھال کی خدمات میں تبدیلیوں کے اثرات کے سوا، مقامی حکومت اب بھی کمیونٹی کے اس ڈھانچے اور خدمات میں سے زیادہ تر کی ذمہ دار ہے جو تمام معمّر رہائشیوں کی محفوظ اور بھرپور زندگیوں میں معاونت کرتا ہے۔

DCC نے اس جائزے کی اجازت دی ہے تاکہ اسے اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے آگاہی ملے کہ بڑی عمر کے افراد کے لیے دوستانہ شہر میں معمّر رہائشیوں کو کس طرح بہترین معاونت فراہم کی جائے۔ ایسا شہر جو معمّر افراد کی قدر کرتا ہو، ان کی معاونت کرتا ہو اور انہیں طاقتور بناتا ہو تاکہ وہ بہتر زندگی گزار سکیں، صحت مند رہیں، معاشرتی طور پر جڑے رہیں، اور اپنی کمیونٹی میں جس قدر ممکن ہوسکے خود مختارانہ طور پر رہ سکیں۔

”مقامی اور ریاستی حکومتیں معمّر شہریوں کے لیے اپنی ذمہ داریوں سے محض اس لیے دستبردار نہیں ہوسکتیں کہ اب معمّر افراد کی دیکھ بھال کا قومی نظام موجود ہے۔“ (مشاورت کے دوران رائے)

عوامی مشاورت کو اس جائزے کا ایک بڑا حصہ بنایا گیا ہے۔ مشاورت جائزے کے نکات (Terms of Reference) اور پینل کی منشاء کے تحت کی گئی تھی اور اس کا مقصد یہ تھا:

- افراد، گروہوں، اداروں، عملے اور دیگر متعلّقہ پارٹیوں کو غور کرنے، جواب دینے اور اپنے خیالات فراہم کرنے کے لیے وافر وقت دیا جائے؛ اور
- کلائنٹس اور کمیونٹی کے ارکان کو کئی طرح کے مقامات، اشکال، زبانوں اور ممکنہ وسائل کی پیشکش کی جائے جن سے انہیں جائزے کا مقصد سمجھنے اور اپنے خیالات فراہم کرنے میں مدد مل سکے۔

اس جائزے کی تجاویز اس نقطۂ نظر سے پیش کی گئی ہیں کہ DCC معمّر رہائشیوں کو اچھی، معیاری زندگی گزارنے میں مدد دینے کے لیے موزوں حالت میں ہے بشمول انڈیجنس افراد، متفرق ثقافتوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے والے افراد (culturally and linguistically diverse - CALD) اور دیگر خطرے سے دوچار گروہوں کے ایسے افراد جو معاشی طور پر الگ تھلگ ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ (تجاویز 4 تا 8)

DCC کی جانب سے معمّر افراد کی دیکھ بھال کی خدمات کی فراہمی

اس وقت DCC، معمّر افراد کی دیکھ بھال کے باقی شعبے کی طرح، بنیادی تبدیلیوں کا سامنا کررہی ہے جس کی وجہ آسٹریلوی حکومت کی لمبی زندگی، بہتر زندگی کی اصلاحات ہیں۔ 30 سال سے زائد عرصے سے DCC آسٹریلوی اور ریاستی حکومتوں کی مالی معاونت سے معمّر رہائشیوں کو خدمات فراہم کرتی رہی ہے تاکہ انہیں اپنے گھروں میں خودمختارانہ طور پر رہنے کے سلسلے میں معاونت مل سکے، تاہم، 2016 میں معمّر افراد کی دیکھ بھال کی تمام خدمات کی ذمہ داری آسٹریلوی حکومت کو منتقل ہوگئی۔

آسٹریلوی حکومت کی اصلاحات میں سنگل انٹری پوائنٹ: My Aged Care – MAC (معمّری میں میری دیکھ بھال) کا متعارف کروانا، Home and Community Care - HACC (گھر اور کمیونٹی میں دیکھ بھال) پروگرام کا خاتمہ اور Commonwealth Home Support Program – CHSP (گھر میں معاونت کے لیے کامن ویلتھ پروگرام) کو متعارف کروانا شامل ہے۔

CHSP کے حصے کے طور پر، DCC کو مالی معاونت ملی ہے تاکہ وہ معمّر افراد کی دیکھ بھال کے لیے متّفقہ درجے کی خدمات فراہم کرسکے۔ یہ انتظام، جسے بلاک فنڈنگ کے نام سے جانا جاتا ہے، جولائی 2020 تک جاری رہے گا۔ 2 اپریل 2019 کو اعلان کردہ آسٹریلین حکومت کے بجٹ پیکج کے حصے کے طور پر، Commonwealth Home Support Program – CHSP (گھر میں معاونت کے لیے کامن ویلتھ پروگرام) کی مالی معاونت **1 جولائی 2020 سے بڑھا کر جون 2022** کردی جائے گی۔ تحریر کے وقت خدمات فرام کرنے والے ادارے، بشمول DCC، تفصیلات کی تصدیق کا انتظار کررہے ہیں۔

خدمات کی فراہمی کی صورتیں

کامن ویلتھ اور ریاستی حکومتوں کے مالی معاونتی خاکے میں غیریقینی کیفیت کی وجہ سے DCC کے لیے مستقبل میں معمّر افراد کی دیکھ بھال کی فراہمی میں اپنے کردار کے بارے میں فیصلہ کرنا پیچیدہ ہوگیا ہے۔ کمیونٹی کی آراء کے جواب میں اور مختلف تغیرات کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ جائزہ اس بات کی حمایت کرتا ہے کہ DCC معمّر افراد کو ان کے گھروں میں خدمات کی فراہمی اس وقت تک جاری رکھے جب تک آسٹریلوی حکومت اپنے موجود مالی انتظامات برقرار رکھتی ہے۔ (تجاویز 1 تا 3 اور تجاویز 9 تا 19)

> *"اگر Darebin کاؤنسل نہ ہوتی تو یہ ایک غمگین دن ہوتا۔ معمّر افراد کو فراہم کی جانے والی خدمات شاندار ہیں۔" (مشاورت کے دوران رائے)*

اس کے ساتھ ساتھ، جائزے میں DCC کی جانب سے اس وقت فراہم کی جانے والی خدمات کے اثرات میں بہتری لانے کے کئی مواقع کی شناخت کی گئی ہے اور جائزہ خصوصا اس بات کی تجویز دیتا ہے کہ معمّر افراد کو نظام دوبارہ ڈیزائن کرنے کے عمل میں شامل کیا جائے تاکہ کلائنٹس کی ضروریات پوری کرنے اور خودمختارانہ زندگی گزارنے کی مہارتوں کی دیکھ بھال میں بہتر گنجائش کی تشہیر کی جاسکے۔

> *"ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ کاؤنسل خدمات جاری رکھے، لیکن وہ اس میں مزید بہتری لاسکتی ہے، جیسے خدمات کو بہتر بنانا یا تبدیل کرنا اور زیادہ معمّر افراد کو ملازم رکھنا اور انہیں یہ خدمات دینے کے لیے مہارت سکھانا یا رضاکارانہ طور پر یہ خدمات دینے کی اجازت دینا۔" (مشاورت میں رائے)*

بلاک فنڈنگ جاری رہنے کی صورت میں، جائزہ اس بات کی بھی تجویز دیتا ہےکہ DCC گھروں میں دیکھ بھال کے پیکجز (Home Care Packages - HCPs) فراہم کرنے والے ادارے کے طور پر مارکیٹ میں داخل ہو کر اپنے کردار کا دائرہ وسیع کرنے کے امکانات پر بھی غور کرے۔ وہ ہر درجے کے پیکج کی پیشکش کرے تاکہ معمّر افراد کی جوں جوں ضروریات بڑھیں توں توں ان کی ہر درجے پر دیکھ بھال جاری رہنے کو یقینی بنایا جاسکے اور HCPs کے اہل رہائشیوں کو زیادہ سے زیادہ فوائد فراہم کیے جاسکیں۔ (تجویز 20)

> *"میں گھر میں دیکھ بھال کے درجہ دوم کے پیکج پر تھا... گھر میں دیکھ بھال کے پیکج کے مقابلے میں کاؤنسل کی دیکھ بھال درجہ 6 کی طرح ہے" (مشاورت میں رائے)*

بلاک فنڈنگ ختم ہونے کی صورت میں یہ جائزہ تجویز دیتا ہے کہ DCC گھر میں دیکھ بھال اور تشخیص کی افرادی قوت سمیت اپنے تمام وسائل ان رہائشیوں کی فعال معاونت کی جانب مرکوز کرلے جو اپنی کمیونٹی میں تنہائی کے خطرے سے دوچار ہیں۔ اس بات کی بھی تجویز دی جاتی ہے کہ DCC ایسے کلائنٹس کی فعال معاونت کے لیے اپنے وسائل فراہم کرے جو احتیاط سے چنے گئے خدمات فراہم کرنے والے ایسے متبادل ادارےاداروں کی جانب منتقل ہورہے ہیں، جن کی احتیاط سے چھان بین کی گئی ہے اور جن کی نگرانی کی جاتی ہے۔ (تجاویز 21 تا 24)

”میں نہیں سمجھتا کہ کاؤنسل کو خدمات فراہم کرنے والا ادارہ بننے کی ضرورت ہے جب اس کی بجائے ایسا کرنے والے دیگر ادارے موجود ہیں۔ کاؤنسل اپنا پیسہ دیگر چیزوں کے لیے استعمال کرسکتی ہے۔ مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا اگر خدمات کاؤنسل کی جانب سے فراہم کی جائیں یا کسی اور ادارے کی جانب سے۔“(مشاورت میں رائے)

DCC کا نیا کرداریقینی بنائے گا کہ تمام معمّر افراد کو، بشمول وہ افراد جو انتہائی خطرے سے دوچار ہیں، MAC خدمات حاصل ہوں جنہیں کہ وہ بہترین معیار میں حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔ اس میں یہ شامل ہوگا کہ DCC اپنی موجودہ افرادی قوت کو دوبارہ اس غرض سے تعینات کرے کہ وہ فعال طور پر MAC نیویگیشن، نگرانی، بروکرنگ، کیس ورک اور لوگوں تک معلومات پہنچانے کی خدمات فراہم کرے۔

”تشخیص (assessment) اچھے معیار کی خدمت فراہم کررہی ہے لیکن ہم دونوں چیزیں نہیں کرسکتے – نیویگیشن اور تشخیص“ (مشاورت میں رائے)

اس کے علاوہ، DCC ان مخصوص خدمات کی فراہمی جاری رکھے گی جہاں کلائنٹس کے لیے خدمات فراہم کرنے والے دوسرے اداروں سے مناسب خدمات کی حصولی کے امکانات نہ ہوں۔ ان میں گھروں میں تبدیلیاں کرنے، گھروں کی مرمّت کرنے، غذائیت سے بھرپور کھانے تک رسائی اور ڈیمینشیا کے مریضوں کے لیے روزمرہ کے معمولات کی خدمات شامل ہوں گی۔

”کاؤنسل کا ڈھانچا ان لوگوں کی نشاندہی کرنے میں کلیدی ہوسکتا ہے جن کے بارے میں کسی کو معلوم نہیں ہوپاتا۔ ممکنہ ضرر سے بچاؤ کی مقامی تدابیر ہونے کی ضرورت ہے۔“ (مشاورت میں رائے)

معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin: معمّر افراد کی دیکھ بھال کی خدمات سے کہیں بڑھ کر

معمّر افراد کی دیکھ بھال کی کمیونٹی خدمات کی فراہمی میں اپنے کردار پر غور کرنے کے علاوہ، جائزے نے Darebin کے رہائشیوں کے شناخت کردہ کئی مسائل سنے۔ کمیونٹی کی شکایات کے جواب میں، جائزے نے کئی اقدامات کی نشاندہی کی ہے جو DCC اس غرض سے اٹھا سکتی ہے کہ وہ معمّر افراد کے لیے ایک دوستانہ شہر بننے کا اپنا مقصد پورا کرسکے۔ جس سے گھر میں اور کمیونٹی میں معمّر شہریوں کی زندگی کا معیار بڑھے گا۔

کوئی ایسی جگہ جسے گھر کہا جاسکے

ہم نے کمیونٹی سے سنا ہے کہ معمّر افراد کے لیے ایک دوستانہ Darebin بننے کے لیے مرکزی ضرورت اس بات کی ہے کہ معمّر افراد کے لیے ایک محفوظ اور سستی رہائش مہیا ہو۔ بدقسمتی سے اس طرح کی رہائش کچھ معمّر افراد کو میسر نہیں ہے، اور جائزے نے سرکاری گھر فراہم کرنے اور قیمتوں میں بہتری لانے کے لیے تجاویز فراہم کی ہیں۔ (تجاویز 25 تا 27)

"Darebin جیسے علاقے میں، جو بہتر ہو رہا ہے، کم آمدنی والے لوگوں کے لیے سستی رہائش کی کمی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔" (مشاورت میں رائے)

اس کے علاوہ، کمیونٹی نے ہمیں بتایا ہے کہ معمّر رہائشیوں کی ایک بڑھتی ہوئی تعداد کے لیے اپنے گھر، اور اپنے ہمسایوں اور دوستوں کے گھروں تک رسائی ایک اضافی مسئلہ ہے۔ جوں جوں کمیونٹی معمّر ہو رہی ہے، رسائی کا ایک زیادہ گھمبیر مسئلہ بننے کے امکانات زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس کا سب سے بہترین حل تعمیرات کے ضابطوں اور قوانین پر نظرثانی کرنا ہے۔ تجویز دی جاتی ہے کہ DCC کی جانب سے عمارتوں اور تعمیرات کی مطلوبات (requirements) میں بہتری لائی جائے اور اسٹیٹ اور قومی حکومتوں کو عمارتوں کی تعمیرات کے ضابطوں اور قوانین میں تبدیلی کا کہا جائے۔ (تجاویز 28 اور 29)

"کاؤنسل کو کو اس بات پر زیادہ دھیان دینے کی ضرورت ہے کہ معمّر افراد کے گھر محفوظ ہیں اور ان میں مناسب ریلنگ، چلنے کے محفوظ راستے اور سیکیورٹی ہے۔" (مشاورت میں رائے)

معمّر رہائشیوں کے لیے گھر میں محفوظ طور پر رہائش جاری رکھنے کے لیے اور حادثات کے رونما ہونے سے بچنے کے لیے نقل و حرکت میں مدد دینے والے آلات اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ جائزہ تجویز دیتا ہے کہ DCC کئی اقدامات آزمائے ، بشمول نقل و حرکت کے آلات کے لیے قرض کی اسکیم اور گھروں میں تبدیلی کی ایک سوشل انٹرپرائز جو Men's Shed اور\یا Technical and Further Education (TAFE) سے منسلک ہوں اور جسے مقامی کاروبار معاونت دیں۔ (تجویز 30 تا 32)

ہم نے کمیونٹی سے سنا ہے کہ حفاظت معمّر افراد کے لیے ایک مسئلہ ہے۔

"میرے لیے محفوظ رہنا ایک مسئلہ ہے، آپ اکیلے رہنے والے لوگوں (خاص طور پر خواتین) کے لیے کیا کرتے ہیں۔۔۔"(مشاورت میں رائے)

گھر میں ہونے والے جرائم سے حفاظت میں بہتری لانے کے لیے جائزہ DCC کو تجویز دیتا ہے کہ وہ مقامی پولیس کے ساتھ مل کر ایک پروگرام تشکیل دے جو گھر میں درپیش عام خطرات کے بارے میں معمّر افراد کی آگاہی کو بہتر بناتا ہو، اس کے ساتھ ساتھ neighbourhood watch کو تقویت دیتا ہو کہ وہ معمّر رہائشیوں پر خصوصی توجہ دے۔ (تجاویز 35 اور 36)

کمیونٹی کی آراء کے جواب میں، معمّر افراد کو گھروں میں معاونت فراہم کرنے کے سلسلے میں دیگر تجاویز میں یہ شامل ہیں: گندگی اور چیزیں اکٹھی کرنے کی عادت کے مسائل حل کرنا؛ گرمی اور سردی کے خطرے پر نظر رکھنا؛ Darebin کے گھر شیئر کرنے اور اکٹھے رہائش پذیر ہونے کے پروگرام؛ اور ایک 'گھر کے رابطہ فون نمبروں کی اسکیم'۔ (تجاویز 33، 34 اور 37 تا 39)

معمّر افراد کے لیے باہر دوستانہ جگہیں

ہم نے کمیونٹی سے معمّر افراد کی باحفاظت گھر سے باہر جانے کی اہمیت اور قدر کے بارے میں سنا ہے۔ اس میں ورزش اور لطف کی غرض سے چلنا یا کسی خاص منزل کی طرف چل کر جانا شامل ہوسکتا ہے جیسے، پارک، شاپنگ سنٹرز، اور کاروبار، صحت اور تفریح کی غرض سے ملاقاتیں۔

”پیدل چلنا سب سے مقبول جسمانی سرگرمی ہے اور کئی رہائشیوں کے لیے باہر آنے جانے اور نقل و حرکت کی ایک لازمی سرگرمی ہے۔ اہم مسائل جنہیں حل کیا جانا چاہیے ان میں سڑک پر حفاظت، سڑک پر گرنے کے واقعات، فٹ پاتھ پر سائیکل چلانا اور چلنے کی اچھی سہولیات تک رسائی شامل ہیں۔“(مشاورت میں رائے)

کمیونٹی کی رائے کے جواب میں، ان میں سے کئی تجاویز کچھ چیزوں پر خاص دھیان دیتی ہیں جن میں فٹ پاتھ، ٹوائلٹس، گلیوں میں سیٹیں، پانی کے نل، گلیوں میں روشنی اور پارکس اور باغات شامل ہیں۔ تمام ڈھانچے، چاہے وہ راستے میں ہوں یا منزل پر، معمّر افراد کو دھیان میں رکھ کر ڈیزائن کیے جائیں اورایا بہتر بنائے جائیں: اس بات کا اعتراف کرنا کہ معمّر افراد کے لیے دوستانہ ہونے کا مطلب ہر ایک کے لیے دوستانہ ہونا ہے۔ (تجاویز 40 تا 58)

جب پیدل چلنا ممکن نہ ہو تو جائزہ ایسے طریقوں کی تجویز دیتا ہے جن سے معمّر افراد کے لیے گاڑی چلانا، گاڑی پارک کرنا، کمیونٹی ٹرانسپورٹ استعمال کرنا اور رش کے اوقات کے علاوہ مفت پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنا آسان ہوتا ہو۔ (تجاویز 59 تا 65)

اہم بات یہ ہے کہ معمّر افراد کے لیے دوستانہ ہونے کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ معمّر افراد فعال طور پر ان خدمات اور ڈھانچوں کی تعمیر، نگرانی اور بہتری میں حصہ لیں جو کہ ان پر اثرانداز ہوتی ہیں۔ پوری رپورٹ میں جگہ جگہ خصوصی تجاویز دی گئی ہیں کہ Darebin کو معمّر افراد کے لیے دوستانہ شہر بنانے کی غرض سے معمّر افراد کو آڈیٹرز، ڈیزائنرز اور خبررساں بننے کے مواقع دیے جائیں۔ (تجاویز 41، 53، 67، 71، 72، 73، 74، 75، 88، 94، 96)

”جب کاؤنسل کام کو فالو اپ کرتی ہے، ہمیں اکٹھا کرتی ہے، مجھے کہنے کی ضرورت ہے، دیکھو – اس کی سمجھ آرہی ہے اور اس کی سمجھ نہیں آرہی۔ جب آپ لوگ فالو اپ کو ڈیزائن کرو تو ہمیں دوبارہ بلاؤ – ہم سے پوچھو – کیا یہ آپ کی بیان کردہ ضروریات پر پورا اترتا ہے۔“ (مشاورت میں رائے)

معلوماتی اور ڈیجیٹل طاقت

ہمیں واضح طور پر بتایا گیا تھا کہ جائزے نے اچھے معیار کی، متعلقہ معلومات کو نمایاں کیا ہے کہ یہ معلومات معمّر افراد کے لیے اپنے گھر میں زیادہ سے زیادہ دیر تک خودمختارانہ طور پر رہنے اور کمیونٹی سے رابطہ قائم رکھنے کے لیے نہایت اہم ہیں۔ تاہم، ہم نے کمیونٹی سے یہ بھی سنا کہ معلومات تازہ ہونی چاہئیں اور ایسے موضوعات اور مسائل سے متعلق ہونی چاہییں جو معمّر افراد کو اہم لگتے ہوں۔ چنانچہ جائزہ تجویز کرتا ہے کہ DCC ایک انفارمیشن پروجیکٹ شروع کرے جو جاری رہے اور جس میں معمّر لوگ حصہ لے کر معلومات سے متعلق اپنی ضروریات کے لیے کیا، کیسے اور کب کے بارے میں فیصلہ کرسکیں۔ (تجویز 66 اور 67)

"ٹیکنالوجی بہت پریشان کن ہوسکتی ہے۔ پن نمبرز استعمال کرنا، معلومات محفوظ رکھنا۔ مدد کے لیے پوچھنے کی ضرورت کا پیش آنا شرمندگی کا باعث ہے۔ لیکن یہ حیرت انگیز ہے کہ آپ کیا سیکھ سکتے ہیں۔" (مشاورت میں رائے)

جہاں تک ڈیجیٹل دنیا کا تعلق ہے، جائزہ اس قابل قدر معاونت کو نمایاں کرتا ہے جسے معمّر افراد اس صورت میں حاصل کرسکتے ہیں جب انہیں ڈیجیٹل سازوسامان تک رسائی حاصل ہو اور وہ اسے استعمال کرسکیں۔ کمیونٹی کے خیالات کے جواب میں، جائزہ معمّر افراد کو ڈیجیٹل سازوسامان اور ایپس (apps) استعمال کرنے کے لیے سازوسامان اور تربیت فراہم کرنے کے طریقوں کی تجویز دیتا ہے۔ اس دوران خاص دھیان ان لوگوں پر دیا جائے جن کے ڈیجیٹل دور سے الگ تھلگ ہونے کے امکانات سب سے زیادہ ہیں، جس کے نتیجے میں وہ اس کے معمّر افراد کو ملنے والے مخصوص فوائد سے محروم ہوسکتے ہیں۔ (تجاویز 68 اور 69)

سماجی شرکت

کمیونٹی کی رائے کے جواب میں، جائزے اور تجاویز میں جگہ جگہ سماجی شرکت کی غرض سے صحت اور فلاح کے فوائد پر زور دیا گیا ہے۔ مقامی حکومت خاص طور پر ایک مضبوط حالت میں ہے کہ وہ معمّر افراد کو گروہوں اور سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کرے، جس سے نہ صرف ان افراد کی زندگیوں میں بہتری آئے گی بلکہ اس سے مقامی کمیونٹی کو بھی معاونت ملے گی۔ DCC خاص طور پر، سماجی انصاف کے سلسلے میں اپنے عزم کے ساتھ اس بات کو یقینی بنانے کے قابل ہے کہ خطرات کی زد میں، تنہا معمّر افراد تک سب سے بڑی ترجیح کے طور پر پہنچا جائے اور ان پر نظر رکھتے ہوئے انہیں شامل کیا جائے۔

جائزے نے سینیئر سٹیزن کلبز کے ارکان سے ان کی رائے سنی ہے چنانچہ کلبز کا ان پہلوؤں سے تجزیہ کرتا ہے۔ انصاف، خطرات کی زد میں ہونے والے کمیونٹی کے ارکان تک پہنچ، شمولیت، استحکام اور رضاکارانہ کاوشوں میں معاونت کی کاوشیں۔

یہ جائزہ معمّر افراد کے متنوّع نیٹ ورک کی معاونت اور اسے مضبوط بنانے کے لیے متعدد طریقوں کی تجویز دیتا ہے۔ معمّر افراد کے کمیونٹی اداروں کو مضبوط کرنے کی حوصلہ افزائی کے لیے تجاویز دی گئي ہیں، جیسے اکٹھے ایک جگہ رہائش اور کمزور شعبوں کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی امداد۔ کمزور شعبوں میں نظم و انتظام، خطرات کی زد میں ہونے والے معمّر افراد تک رسائی کو فروغ دینا، رکن سازی میں بہتری لانا اور اسے بڑھانا اور نئی ضروریات پر کاروائیوں اور کم نمائندگی والی کمیونٹیوں کے لیے کارروائیوں میں بہتری لانا شامل ہے۔ (تجاویز 71 تا 74)

”ہمارے اس معاشرے میں آپ کس طرح اب بھی خود کو مفید محسوس کرسکتے ہیں؟ ریٹائرڈ لوگوں کے تجربے اور مہارتوں سے ہم کیسے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں؟ ہم شمولیت اور شناخت چاہتے ہیں۔“ (مشاورت کے دوران رائے)

کمیونٹی کی رائے کے جواب میں، جائزہ اس بات کی بھی تجاویز دیتا ہے کہ معمّر افراد کو کئی انواع واقسام کی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے اور خوش آمدید کہا جائے، اس کے ساتھ ساتھ شمولیت کی حوصلہ افزائی کی غرض سے مالی معاونتوں کی بھی تجویز دی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر، ایک تجویز یہ ہےکہ Neighbourhood Houses کے ساتھ شراکت داری کرکے معمّر افراد کی Neighbourhood House میں شمولیت کی اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کی جائے جو کہ Neighbourhood Houses کی جانب سے پیشکش کردہ کئی اقسام کی تمام سرگرمیں میں معمّر افراد کے مکمل طور پر حصہ لینے کی تجویز دے، اس کی نگرانی کرے اور اسے یقینی بنائے۔ (تجویز 70 اور تجاویز 75 تا 91)

ہم نے سنا ہے کہ لائبریریاں بھی Darebin کے معمّر رہائشیوں کو بے شمار مواقع کی پیشکش کرتی ہیں، اور جائزہ متعدد تجاویز دیتا ہے کہ لائبریریاں اپنی خدمات میں بہتری لائیں، خاص طور پر تنہا، خطرات سے دوچار معمّر افراد کے لیے۔ (تجاویز 92 اور 93)

جائزہ رضاکاروں کی اہمیت کو بھی نمایاں کرتا ہے، خاص طور پر بطور رضاکار معمّر افراد کی مہارتوں، تجربات اور اہلیت سے فائدہ اٹھانے کو۔ ہم نے معمّر افراد سے سنا ہے کہ وہ اپنی مہارتوں اور علم کو استعمال میں لانا جاری رکھنا چاہتے ہیں اور ریٹائرمنٹ کے دوران وہ چاہتے ہیں کہ انہیں دوسروں کی مدد کا موقع ملے۔ اس لیے تجویز دی جاتی ہے کہ بڑے پیمانے پر ایک رضاکارانہ پروگرام تشکیل دیا جائے تاکہ معمّر افراد اور تمام عمر کے افراد کے لیے مواقع میں اضافہ کیا جاسکے کہ وہ کمیونٹی میں موجود دوسرے لوگوں کی مدد کرسکیں۔ جائزہ اس بات کو بالکل واضح کرتا ہے کہ رضاکاروں کو تنخواہ لینے والے ملازمین سے تبدیل کرنے کا نہیں کہا جارہا، بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ ان کے کام میں بہتری اور گہرائی لائی جائے، اور ان کی مدد کی جائے اور Darebin کمیونٹی میں موجود مہارتوں کو استعمال میں لایا جائے (تجاویز 94 اور 95)

”ایک ہمسائے سے بات چیت کے دوران مجھے معلوم ہوا کہ ان کا بچہ اسکول میں انگریزی کے مضمون میں مشکلات سے دوچار ہے – میں اسے انگریزی میں مدد دیتا ہوں اور یہ زبردست ہے –اس رابطے سے مجھے فائدہ ہوا ہے۔ اس سے انہیں معمّر افراد کے بارے میں مختلف رائے قائم کرنے کا موقع ملتا ہے۔“ (مشاورت کے دوران رائے)

معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin کی جانب اگلے اقدامات

”اچھے نظم و انتظام میں، میرے مطابق، بہترین معیار کی خدمات شامل ہوتی ہیں جن تک غریب ترین شہری بھی اعتماد کے ساتھ رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ میرے لیے یہ جمہوریت میں رہنے کا ایک حصہ ہے۔ (مشاورت میں رائے)

کئي لحاظ سے معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin کی تعمیر DCC کے اس عزم پر منحصر ہے کہ وہ ایک زیادہ بےباک اورجڑا ہوا شہر بنانا چاہتی ہے اور تمام محلوں کی مادی، سماجی، ثقافتی اور معاشی صحت کو برقرار رکھنے اور بہتر بنانے کے مشن پر گامزن ہے۔ جبکہ اس دوران DCC موجودہ اور مستقبل کی پشتوں کی زندگی کے معیار کو یقینی بنائے گی۔

رپورٹ کے اس پہلے مسوّدے پر کاؤنسل اور کمیونٹی کے غور کے بعد اور مزید سوچ بچار اور حتمی رپورٹ کے بعد اس بات کی توقع ہے کہ کاؤنسل حتمی رپورٹ کی تجاویز پر کاروائی کرے گی اور معمّر افراد کے لیے ایک دوستانہ Darebin کی تعمیرکے لیے سمت کا تعیّن کرے گی۔

اس بات کی توقع ہے کہ اس رپورٹ کی متفقہ تجاویز پر عمل کے لیے کاؤنسل کو سرگرمیوں کی ترجیح اور وسائل مختص کرنے کے حوالے سے فیصلے کرنے ہوں گے، جن میں موجودہ وسائل کے لیے نئی سمت کا تعین کرنا اور نئے یا اضافی وسائل مختص کرنا بھی شامل ہے۔

جائزہ تجویز دیتا ہےکہ اداروں کے مابین ایک پروجیکٹ کنٹرول گروپ DCC جنرل مینجر کی سربراہی میں تشکیل دیا جائے جو متفقہ تجاویز پر عملدرآمد میں معاونت کرے اور اس پر نظر رکھے۔ پروجیکٹ کنٹرول گروپ DCC کے Active and Healthy Ageing Advisory Board اور جائزے کے تجویز کردہ معمّر افراد کے دیگر ایڈوائزری گروپس سے باقاعدگی سے مشاورت اور تجویز لے گا۔ (تجویز 96)۔ پروجیکٹ کنٹرول گروپ سال میں دو مرتبہ کاؤنسل کو جائزے کی متفقہ تجاویز پر عملدآمد کی کارکردگی اور اس میں درپیش مسائل کے بارے میں رپورٹ کرے گا۔ (تجویز 97)

تجاویز کا خلاصہ

یہ تجویز دی جاتی ہے کہ...

معمّری میں میری دیکھ بھال (My Aged Care - MAC) کی نگرانی اور حمایت کے کے لیے مقامی انٹیلی جنس

1. جس دوران آسٹریلوی حکومت DCC کو CHSP خدمات کے لیے بلاک فنڈنگ دینا جاری رکھتی ہے، اور جب تک تشخیصی (Assessment) خدمات کے نئے انتظامات کی مکمل وضاحت نہیں ہوجاتی، DCC کو چاہیے کہ وہ Regional Assessment Services (RAS) کی فراہمی جاری رکھے۔

2. جب تک آسٹریلوی حکومت کی نئی اصلاحات کی مکمل وضاحت نہیں ہوجاتی، اور ممکنہ طور پر اس کے بعد بھی، DCC کو موجودہ طریقۂ کار کے بارے میں انٹیلیجنس اور کیس اسٹڈیز اکٹھی کرنی چاہییں جو اس کے مثبت اور منفی پہلو نمایاں کرتی ہوں تاکہ نئے انتظامات کی کارکردگی کی مطلوبات کو طے کیا جاسکے۔

3. DCC مندرجہ ذیل کی نگرانی کرے:
- a. MAC کی مانگ اور فراہمی کے رجحانات، نہ صرف Darebin مقامی حکومتی علاقے میں بلکہ اس سے بڑھ کر؛
- b. CHSP کے تشخیص (assessment) اور فراہمی کے کام کو علیحدہ علیحدہ کرنے کے اثرات؛ اور
- c. کلائنٹس پر MAC کی کاروائیوں کے اثرات، مثال کے طور پر، پرووائیڈر کے ریفرل اور جواب کے مابین وقت، یا آیا کلائنٹس جواب سے محروم رہ گئے ہیں۔

معمّر CALD رہائشی

4. CALD کمیونٹی گروہوں کے ساتھ مل کر DCC قریبی طور پر کام کرے تاکہ اپنی کمیونٹیوں میں معمّر افراد کی مؤثر طور پر معاونت کرنے کے سلسلے میں ان گروہوں کی صلاحیت کو بڑھایا جاسکے۔

5. DCC معمّر افراد کے پروگراموں، بشمول CALD، میں حصہ لینے والی مخصوص CALD کمیونٹیوں سے متعدد افراد کے لیے کارکردگی کے اہداف طے کرے۔

معمّر، انڈیجنس رہائشی

6. MAC کے انڈیجنس افراد کے ساتھ جڑنے اور اس کے استعمال میں بہتری لانے کے لیے DCC فعال طور پر مقامی انڈیجنس گروہوں کی معاونت کرے کہ وہ حکومت سے بات چیت کریں۔

7. DCC معمّر انڈیجنس افراد کی ضروریات پر کارروائیوں کی اچھی اور بری دونوں مشقوں کی نشاندہی کرے اور اس سے آسٹریلوی حکومت کو آگاہ کرے تاکہ MAC کی پریکٹس گائیڈلائنز میں بہتری لائی جاسکے، خاص طور پر جب خدمات Darebin کے انڈیجنس رہائشیوں کو فراہم کی جاتی ہیں۔

8. DCC تعین شدہ سمت میں کام کرے جس کا مقصد یہ ہو کہ اہل انڈیجنس رہائشیوں کی تشخیص (assessment) کرنے اور انہیں معمّر افراد کی دیکھ بھال کی سفارش کردہ خدمات سے جوڑنے کی شرح میں بہتری لائی جائے۔

خدمات کی فراہمی کی صورتیں

صورت 1: DCC موجودہ CHSP خدمات کی فراہمی جاری رکھے اور ان میں بہتری لائے

9. جب تک آسٹریلوی حکومت DCC کو CHSP کی بلاک گرانٹ کی فراہمی جاری رکھے ہوئے ہے، DCC اس دوران CHSP کی خدمات کی فراہمی جاری رکھے۔

10. DCC معمّر افراد کے ساتھ مشاورت کرکے اور ڈیزائن میں ان کی مدد لے کر خدمات کے مؤثر ہونے کو مسلسل طور پر یقینی بنانے کا تہیّہ کرے۔ ان خدمات میں دیگر کے علاوہ آزادی، میل جول اور شمولیت کو زیادہ سے زیادہ پروان چڑھانا شامل ہے۔

گھریلو امداد

11. DCC گھریلو امداد کو معمّر فرد کا اعتماد اور صلاحیت بڑھانے پر مرکوز کرے تاکہ وہ روزمرہ کے معمولات سرانجام دے سکیں جبکہ جو کام کلائنٹ کی صلاحیت سے باہر ہیں انہیں کارکن سرانجام دیں۔

ذاتی دیکھ بھال

12. DCC ذاتی دیکھ بھال کی خدمات ویک اینڈز پر فراہم کرنے پر غور کرے۔

دیکھ بھال سے مہلت دینے کی خدمات میں لچک

13. DCC دیکھ بھال سے مہلت کی مانگ پر قریب سے نظر رکھے جس کا مقصد یہ ہو کہ CHSP کے تحت مہلتی خدمات کی دستیابی آہستہ آہستہ ختم کی جائے جبکہ (i) مہلتی خدمات HCPs کے ذریعے فراہم کی جائیں گی (صورت 2)؛ یا (ii) اس بات کی یقین دہانی کی جائے گی کہ دیگر ایسے فراہم کنندگان موجود ہیں جو معیاری خدمات وقت پر فراہم کرنے کے لائق ہیں۔

ترسیل شدہ کھانے

14. DCC کی کھانے کی خدمت کو دوبارہ ڈیزائن جائے تاکہ:

a. معمّر رہائشیوں کو اپنے کھانے خود بنانے اور اشتراک کرنے پر مزید توجہ دی جائے؛

b. ایسے کھانے فراہم کیے جائیں جو رہائشیوں کی کھانے کی ضروریات اور ثقافتی ترجیحات کے مطابق ہوں؛

c. متبادل فراہم کنندگان کا اضافہ کرنے پر غور کیا جائے، کھانے کے بہت سے مقامی ریٹیلرزکی جانب سے بڑھتی ہوئی ہوم ڈیلیوری کی خدمات سمیت کہ جن کا کھانا ثقافتی طور پر مناسب ہوتا ہے؛ اور

d. ممکنہ طور پر مجوّزہ رضاکارانہ خدمت کے فراہم کردہ رضاکاروں کو وسیع طور پر استعمال کرکے گھر کے باہر کھانے والے رہائشیوں کی تعداد بڑھائی جائے۔

سماجی معاونت

15. DCC ڈیمینشیا کے شکار معمّر افراد کے لیے Yadana House کو بطور ایک شاندار اور منفرد سماجی معاونتی پروگرام کے تشہیر کرے اور اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد کو بڑھانے کی کوشش کرے تاکہ اس کے استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔

اس میں ناکامی کی صورت میں DCC سماجی معاونت کے گروہوں کو خدمات فراہم کرنے والے دوسرے اداروں کا معلوم کرے جوYadana House کے کلائنٹس کے لیے ایک ڈیمینشیا گروپ تخلیق دینے میں دلچسپی رکھتے ہوں۔

کمیونٹی ٹرانسپورٹ

16. DCC اس بات کو یقینی بنائے کہ دستیاب کمیونٹی بس سے مندرجہ ذیل کی مدد سے مکمل طور پر استفادہ کیا جائے:

a. مانگ میں اضافہ کرکے؛

b. روٹس میں تبدیلی کو زیادہ آسان بنا کر؛

c. نئے دستیاب ڈیجیٹل نیٹ ورک آلات کی مدد سے ممکنہ طور پر دروازے پر بس کی دستیابی کو ممکن بنا کر؛ اور

d. بورڈنگ، رومنگ (rooming) اور سرکاری گھروں میں رہنے والے معمّر افراد اور دیگر خطرے سے دوچار گروہوں، اور Darebin کے پسماندہ حصوں میں رہنے والوں میں کمیونٹی ٹرانسپورٹ کی حوصلہ افزائی کرکے۔ تاکہ ایسے معمّر افراد کے گروہ میں اضافہ کیا جائے جو اس کی دستیابی سے آگاہ ہوں اور جانتے ہوں کہ اس تک رسائي کیسے حاصل کی جاتی ہے۔

یہ تجویز دی جاتی ہے کہ...

گھر کی مرمّت

17. گھر کی مرمّت کی اپنی خدمات فراہم کرنے کے علاوہ، DCC مقامی ہنرمندوں کا پینل بنانے کی بھی تحقیق کرے جو DCC کے پیشکش کردہ کام سے زیادہ پیچیدہ کام کرنے پر رضامند ہوں۔

باغبانی

18. DCC باغبانی کی ایک خدمت فراہم کرے جس میں گھاس کاٹنا شامل ہو اور اس کے علاوہ DCC کا عملہ معمّر افراد کے ساتھ مل کر باغبانی پر توجہ دے۔

19. DCC سڑک سے ساتھ گھاس کی پٹی پر سے گھاس کاٹنے کی خدمت فراہم کرے اور درختوں اور جھاڑیوں کی لٹکتی ہوئی شاخیں کاٹنے کی خدمت فراہم کرے کیونکہ یہ شاخیں فٹ پاتھ پر چلتے ہوئے اور ویل والے آلات پر جاتے ہوئے معمّر افراد کے لیے خطرے کا سبب ہوسکتی ہیں۔

صورت 2: DCC CHSP جاری رکھے اور کلائنٹس کے لیے خدمات میں بہتری لانے اور ان کی دیکھ بھال جاری رکھنے کی غرض سے گھر میں دیکھ بھال کے پیکجز (Home Care Packages - HCP) کی ترسیل شروع کرنے امکانات کا بھی جائزہ لے

20. آسٹریلوی حکومت کی جانب سے CHSP کے لیے بلاک فنڈنگ جاری رہنے کے دوران، DCC مثبت انداز میں HCP درجہ 1 تا 4 فراہم کرنے کے امکانات کی تحقیق کرے۔ DCC ایسا کرنے کے لیے HCP خدمت کے لیے ایک تفصیلی بزنس کیس اور آپریٹنگ ماڈل بنائے۔ کلائنٹ کے لیے زیادہ فیس اور خدمات کے اخراجات کی وجہ سے بزنس کیس میں DCC کی شہرت کے خطرے کو واضح طور پر بیان کیا جانا چاہیے۔

صورت 3: DCC کا CHSP اور/یا HCPs کے فراہم کنندہ کے طور پر مارکیٹ میں داخل ہونا

21. اگر CHSP کے لیے آسٹریلوی حکومت کی مالی معاونت رک جائے، تو DCC پھر CHSP خدمت کی فراہمی روک دے، HCPs فراہم نہ کرے اور صورت 4 پر عملدرآمد کرے، جس میں موجودہ کلائنٹس کی ایک متبادل فراہم کنندہ کو منتقل ہونے میں مدد کرنا بھی شامل ہو۔

صورت 4: DCC سماجی شمولیت کی ایک خدمت فراہم کرے جبکہ خطرے سے دوچار معمّر افراد کے MAC خطرے کو بھی کم کرے

22. اگر کامن ویلتھ حکومت CHSP کی فراہمی کے لیے DCC کومالی معاونت روک دے تو DCC کو صورت 4 میں دی گئی سماجی شمولیت کی ایک خدمت فراہم کرنی چاہیے۔ ایسا درج ذیل طریقوں سے کیا جاسکتا ہے:

- رقم کا اپنا ذریعہ استعمال کرکے؛
- مقامی تشخیصی (assessment) سروسز کی فراہمی روک کر؛ اور
- تشخیصی (assessment) افسران اور گھر میں معاونت دینے والے کارکنوں کو نگرانی اور سماجی شمولیت کی خدمت میں نئے کردار فراہم کرکے۔

23. DCC سماجی شمولیت کی خدمت کی معاونت کے لیے ایک رضاکارانہ خدمت فراہم کرے۔ اس سلسلے میں جہاں ضرورت ہو وہاں زیادہ شدت سے دونوں کے مابین تعاون کیا جائے:

- رضاکار تنخواہ لینے والے کارکنوں کا متبادل نہیں ہوں گے، بلکہ سماجی شمولیت کے کارکن حسب ضرورت رضاکاروں کو بلائیں گے تاکہ زیادہ بہتر اور غیررسمی رابطہ کیا جاسکے؛
- تنہا معمّر افراد کے لیے رضاکارانہ خدمت میں معمّر افراد شامل بطور رضاکار شامل ہوں گے۔

24. سماجی شمولیت کی خدمت کے ساتھ ساتھ، DCC ایسی صورت میں اپنی براہ راست فنڈ شدہ خدمات بھی فراہم کرے جب یہ ڈر ہو کہ خطرے کا شکار CHSP کلائنٹ 'خدمات تک رسائی نہ ہونے' یا 'ناقص مارکیٹ' کی وجہ سے دستیاب معمّر افراد کی ضروری خدمات تک رسائی حاصل نہ کرسکتے ہوں، مثال کے طور پر: کھانا پہنچانا اور گھر کی مرمّت (بشمول باغبانی)۔

اپنا گھر

سستے گھر

25. DCC ایسی اسکیموں کی تحقیق کرے جو نجی مالکان کو ریٹ میں اس لیے رعایت دیتی ہیں کیونکہ وہ کم آمدنی والے معمّر افراد سے درمیانے درجے کا کرایہ لیتے ہیں۔

26. DCC اضافی زمین خریدنے یا اپنی زمین کا متبادل استعمال کرکے سماجی گھر بنانے والے ممکنہ اداروں یا Office of Housing کے ساتھ اشتراک پر غور کرے تاکہ معمّر افراد کو دستیاب معذوروں کے دوستانہ سماجی گھروں کی تعداد میں اضافہ کیا جاسکے، ایسے معمّر افراد کے لیے جو بے گھر ہیں اوراایا جو Supported Residential Services (SRS) یا rooming گھروں میں رہ رہے ہیں۔

27. DCC نجی گھروں کا معذوروں کے لیے قابل رسائی ہونے کے حوالے سے کم ترین قوانین کی شدت سے حمایت کرنے کے لیے نئے سرے سے اپنی کوششیں کرے تاکہ کمزور معمّر افراد کے لیے کرایے کے زیادہ گھر دستیاب ہوں۔

معذور افراد کے لیے دوستانہ گھر

28. DCC اپنی منصوبہ بندی مطلوبات میں معذوروں کے لیے رسائی کے اپنے نقطۂ نظر کو مندرجہ ذیل کی مدد سے بہتر کرے:

a. پلاننگ اسکیم میں موجودہ ایسے آلات\الیورز کا ازسرنو جائزہ لے، جنہیں گھروں میں معذور دوست خصوصیات کی حوصلہ افزائی\ضرورت کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے؛

b. گھر بنانے والوں کی معاونت کے لیے اضافی آلات بنا کر اور وسائل مہیا کرکے؛ اور

c. Banyule سٹی کاؤنسل جیسی رہنے کے قابل گھروں کی ہدایات کا نفاذ کرکے۔

سستے معذور دوست گھروں کی وکالت

29. DCC ایسی پالیسی پوزیشن اختیار کرے اور وکالت کے وعدے کرے جو سٹی آف Whittlesea سے ملتے جلتے ہوں:

- "یہ کہ ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ وہ سستا، موزوں اور مناسب گھر حاصل کرسکے جس سے وہ سماجی زندگی میں شمولیت اختیار کرسکے اور اس زندگی سے اپنا تعلق ہونے کا احساس محسوس کرسکے۔"
- **عزم 1:** اسٹیٹ بھر میں منصوبہ بندی کے اقدامات میں ایسی تبدیلی کی جانی چاہیے کہ جس سے سماجی اور سستے گھروں کو تقویت ملے اور ان کی حوصلہ افزائی ہو (وکٹوریہ کی حکومت)
- **عزم 2:** سماجی گھروں کی تمام نئی عمارتوں کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ Liveable Housing Design Guidelines پر پوری اترتی ہوں (وکٹوریہ کی حکومت)
- **عزم 3:** بے گھر ہونے کا سلسلہ توڑنے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں۔ ایسا بے گھروں کے شعبے میں مناسب طور پر سرمایہ کاری کرکے کیا جاسکتا ہے، جس سے زندگی کے ہر مرحلے پر موجود شخص کو مدد ملے گی (وکٹوریہ اور آسٹریلیا کی حکومتیں)
- **عزم 4:** سستے کرائے کی قومی اسکیم دوبارہ شروع کی جائے (آسٹریلوی حکومت)۔

نقل و حرکت کے لیے امدادی سامان اور آلات

30. DCC نقل وحرکت کے سامان کے لیے قرض کی ایک اسکیم (Toy Library جیسی) شروع کرے۔ ایسا ایک غیرسرکاری تنظیم (NGO) کے ساتھ شراکت داری کرکے کیا جاسکتا ہے جو معذوروں کے سازوسامان میں ماہر ہو۔

31. DCC عطیہ کیے جانے والے اور دوبارہ واپس حاصل کیے جانے والے نقل وحرکت کے سازوسامان کی جانچ کرے جو کہ Men's Shed کے ساتھ مل کر چلائے جانے والے ایک رضاکارانہ پروگرام کی مدد سے ٹھیک کیا جائے، اور جس میں معمّر افراد حصہ لیں۔

گھروں میں تبدیلیاں

32. DCC گھروں میں ترمیم کرنے والی ایک نئی سماجی انٹرپرائز کو سہولت دینے جائزہ لے۔ جو Men's Shed اورایا TAFE جڑی ہوئی ہو اور کمیونٹی بزنس شراکت داری کے تحت مقامی کاروبار اس کی معاونت کررہے ہوں۔

گندگی اور چیزیں اکٹھی کرنے والوں کے لیے خدمات

33. DCC گندگی میں رہنے والے لوگوں کے لیے خدمات کو وسعت پر غور کرے، خاص طور پر معمّر افراد کے لیے جو کرائے اور بورڈنگ اور rooming ہاؤسز میں رہ رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ مالک مکانوں کے لیے بھی۔ اور موجودہ فراہم کنندگان کے ساتھ مناسب اقدامات مرتب کرے۔

یہ تجویز دی جاتی ہے کہ...

سردی اور گرمی

34. DCC گرمی کی لہروں کے دوران CHSP کلائنٹس پر زیادہ نظر رکھے اور اس کے ساتھ ساتھ شدید سرد دنوں میں خطرے سے دوچار افراد بھی نگرانی کرے، خاص دھیان بے گھر معمّر افراد پر دیا جائے۔

گھر پر جرائم سے حفاظت

35. DCC ایک پروگرام کو رسمی شکل دے جس میں مقامی پولیس کے ساتھ تعاون کیا جائے تاکہ گھر پر درپیش عام خطرات سے معمّر افراد کی آگاہی کو بڑھایا جائے۔

36. DCC وکٹوریہ پولیس کے ساتھ مل کر Neighbourhood Watch کو نئی توانائی دلائے کہ وہ معمّر افراد پر خصوصی توجہ دے۔

گھر شیئر کرنا

37. DCC ایک ایسی این جی او کے ساتھ مل کر Darebin Home Share اور ایک گھر میں اکٹھے رہنے کا پروگرام تشکیل دے جس کے پاس گھر شیئر کرنے کے نظام اور طریقۂ کار موجود ہوں۔

38. DCC معاشی شمولیت کے کارکنوں اور کمیونٹی اداروں کی مدد سے معمّر افراد میں Home Share اور ایک گھرمیں اکٹھے رہنے کی تشہیر کرے۔

گھر پر فون کے ذریعے بات چیت کی اسکیم

39. تنہا اورایا گھر سے باہر نہ نکل سکنے والے رہائشیوں کے سماجی روابط کی خاطر DCC ایک این جی او کے ساتھ مل کر گھر پر فون کے ذریعے بات چیت کی ایک اسکیم آزمائے۔

معمّر افراد کے لیے باہر دوستانہ جگہیں

پیدل چلنے اور ویل والے آلات پر جانے کے لیے مقامی نیٹ ورک

40. DCC معمّر افراد کے گروہوں کی مدد کرنے کے لیے ایک چلنے (ویل والے آلات پر جانے) کا گروہ پروگرام تشکیل دے جس میں سرکاری گھروں، بورڈنگ اور رومنگ ہاؤسز میں رہنے والے معمّر افراد کے ساتھ ساتھ ایسے تمام لوگ شامل ہوں جو چلنے کے لیے واکنگ فریم یا ویل چیئر استعمال کرتے ہوں۔

معمّر افراد پر مشتمل باہر کی جگہوں کی جانچ کرنے والی مشاورتی ٹیم

41. DCC معمّر افراد پر مشتمل باہر کی جگہوں کی جانچ کرنے والی ایسی مشاورتی ٹیم تشکیل دے جو DCC عملے کے ساتھ مل کر لگاتار بنیادوں پر فٹ پاتھوں، سیٹوں، ٹوائلٹس، بس اور ٹرام شیلٹروں اور لائٹوں کا معائنہ کرنے پر رضامند ہو۔

چلنے والوں میں معمّر افراد کو شامل کرنا

42. DCC پیدل چلنے کی اپنی تمام پالیسیوں، حکمت عملیوں اور منصوبوں میں 'ویل والے آلات پر جانا' اور معذوری کے نشان کا اضافہ کرے تاکہ واکنگ فریم، ویل چیئر یا موبلٹی اسکوٹر کے ذریعے 'چلنے' کو عام معمول گردانا جائے، اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ وہ لوگ جو نقل وحرکت کا سامان استعمال کرتے ہیں انہیں چلنے کی حکمت عملیوں میں شامل کیا جاسکے۔

فٹ پاتھ اور سڑک کے کنارے

43. DCC پیدل چلنے والوں کے مرکزی نیٹ ورک (Principal Pedestrian Network - PPN) میں فٹ پاتھ کی ایک اضافی قسم متعارف کروائے جو معمّر افراد کی رسائی کے مسائل حل کرتی ہو۔

a. یہ اضافی قسم معمّر افراد کے گھروں کے مقامات اور ان کی روزمرہ ضروریات پر منحصر ہونی چاہیے جن میں سرگرمیوں اور تفریح کے سنٹرز، صحت اور کمیونٹی خدمات، پارک، کلب، پبلک ٹرانسپورٹ اور شاپنگ تک رسائی شامل ہے؛

b. اس اضافی قسم کا معائنہ 'دیگر' قسم کے مقابلے میں جلدی کیا جائے (جیسے 12 ماہ بعد)؛

c. یہ اضافی قسم ترجیحی مرمّت کے لیے مخصوص مالی معاونت مختص کرنے کا انتظام فراہم کرتی ہو (یعنی فٹ پاتھوں کی مرمّت کے بجٹ کے علاوہ)؛ اور

d. یہ اضافی قسم فٹ پاتھوں اور سڑکوں کو بہتر بنانے کے لیے ترجیحی انداز میں نشاندہی کرے تاکہ سڑکوں کے کناروں اور گٹروں کے آس پاس مناسب ڈھلوانیں بنائی جاسکیں (جیسے پرام کراسنگز)۔

پبلک ٹوائلٹس

44. DCC یقینی بنائے کہ نئی ٹوائلٹس (جو کہ ویل چیئر والوں کے لیے قابل رسائی ہونی چاہئیں) کا مقام معمّر افراد کے گھروں اور ان کی روزمرہ کی ضروریات کے مقام کی بنیاد پر ہو۔ ان ضروریات میں تفریحی مراکز، صحت اور کمیونٹی خدمات، پارک، کلب، پبلک ٹرانسپورٹ اور شاپنگ تک رسائی شامل ہے۔ خاص طور پر، نئی ٹوائلٹس کا مقام معمّر افراد کے لیے PPN کی نئی اضافی قسم (جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے) کے مطابق ہونا چاہیے۔

45. DCC یقینی بنائے کہ پبلک ٹوائلٹس، بشمول معذوروں کے لیے قابل رسائی ٹوائلٹس، کم از کم دن کے دوران کھلی رہیں۔

پیدل چلنے والوں کے لیے کراسنگز

46. DCC یقینی بنائے کہ پیدل چلنے والوں کی کراسنگز پر واضح نشانات لگے ہوں، وہ کافی تعداد میں ہوں اور ان کے مقامات مناسب ہوں تاکہ معمّر افراد کو کراسنگز کے علاوہ دوسرے مقامات سے سڑک پار کرنے کے خطرے سے بچایا جاسکے، خاص طور پر Darebin کے زیادہ پسماندہ علاقوں میں۔

47. DCC یقینی بنائے کہ زیادہ ٹریفک کے علاقوں میں ٹریفک لائٹس لگی ہوں اور ان کے اوقات میں ردوبدل کرنے کا سسٹم موجود ہو تاکہ معمّر افراد بحفاظت سڑک پار کرسکیں۔

48. DCC یقینی بنائے کہ پیدل چلنے والوں کی کراسنگ کو PPN کی اضافی معمّر افراد کی قسم سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ چلنے کا ایک محفوظ نیٹ ورک بنایا جاسکے۔

پانی کے نل

49. DCC یقینی بنائے کہ تمام کھلی جگہوں اور چلنے کے راستوں کے ساتھ ساتھ پانی کے نل دستیاب ہوں اور وہ استعمال کرنے میں آسان ہوں۔

گلی اور کھلی جگہوں پر سیٹیں

50. DCC یقینی بنائے کہ گلیوں میں سیٹیں کافی تعداد میں ہوں اور چلنے کے راستوں پر درست مقامات پر دستیاب ہوں تاکہ ایسے معمّر افراد انہیں استعمال کرسکیں جو بیک وقت 0.5 کلومیٹر سے زائد نہ چل سکتے ہوں۔

51. DCC یقینی بنائے کہ پارکوں، باغات اور دیگر تفریحی مقامات پر سیٹیں کافی تعداد میں دستیاب ہوں اور اس طرح موجود ہوں کہ لوگ اکٹھے بیٹھ کر بات چیت کرسکتے ہوں۔

52. گلی میں لگی ہوئی سیٹوں کی پشت پر ٹیک لگائی جاسکتی ہو، بنچوں کے برعکس۔

گلی میں لائٹنگ

53. DCC گلی میں لائٹنگ کے لیے معمّر افراد پر مشتمل کھلی جگہوں کی جانچ کرنے والی مشاورتی ٹیم سے مشاورت کرے، خاص طور پر گرنے اور لوگوں کے زخمی ہونے کے خطرات کے حوالے سے۔

یہ تجویز دی جاتی ہے کہ...

باہر موجود پلازے، پارک، باغ اور محفوظ کردہ قدرتی جگہیں

54. Darebin کی کھلی جگہوں کی حکمت عملی کا ایک خاص حصہ اس مقصد کے تحت بنایا جائے کہ معمّر افراد ان جگہوں کا زیادہ استعمال کریں۔ اس حکمت عملی کے بنانے میں معمّر افراد کو مرکزی مشیروں کے طور پر شامل کیا جانا چاہیے۔

55. معمّر افراد کے لیے اس مخصوص حکمت عملی کے حصے کے طور پر DCC معمّر افراد کے لیے کھیلوں اور ورزش کا مستقل سامان لگانے کے امکان کا جائزہ لے۔

56. کھلی جگہوں کی منصوبہ بندی معمّر افراد کے گھروں کے مقامات اور ان کی روزمرہ کی ضروریات کے مطابق ہونی چاہیے جن میں سرگرمیوں، تفریحی مراکز، صحت اور کمیونٹی خدمات، پارک، کلب، پبلک ٹرانسپورٹ اور شاپنگ تک رسائی شامل ہے۔

پارکوں میں کتے

57. کھلی جگہوں پر کتوں سے متعلقہ قوانین کے مستقبل کے جائزوں میں DCC معمّر افراد کے لیے فوائد اور خطرات کو مدنظر رکھے۔

معذور افراد کے لیے قابل رسائی کمیونٹی سہولیات

58. DCC انفراسٹرکچر کی اگلی جانچ میں:

- کاؤنسل کی تمام سہولیات کا معذور افراد کے لیے قابل رسائی ہونے کا تفصیلی جائزہ لے؛
- اوپر شناخت کردہ قابل رسائی ہونے کے مسائل کے حل کے لیے ایک ترجیحی فہرست تیار کرے؛
- سالانہ جاری بنیادوں پر چھوٹی مرمّتوں کے لیے مالی معاونت جاری کرے جو کہ $50,000 سے کم نہ ہو؛ اور
- ایک مناسب اور قابل عمل مدت پر غور کرے جس دوران یہ یقینی بنایا جاسکے کہ DCC کی تمام سہولیات معمّر افراد کی موجودہ نسل کے لیے قابل رسائی ہیں۔

پبلک ٹرانسپورٹ

59. دوسری کاؤنسلوں کے ساتھ مل کر DCC ایک وکالتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہو جس کا مقصد اسٹیٹ کی حکومت کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ کو معمّر افراد کی موجودہ پشت کے لیے مکمل طور پر قابل رسائی بنانے کی غیرحقیقی مدت کو نمایاں کرنا ہو۔

60. DCC معمّر افراد کے لیے پبلک ٹرانسپورٹ سے واقفیت کی تربیت کے مواقع فراہم کرے۔

بس اور ٹرام سٹاپ پر شیلٹرز

61. بس اور ٹرام شیلٹرز کی مناسب تعداد میں فراہمی کو یقینی بنانے کی غرض سے DCC ایک عملدآمدی منصوبہ بنانے کے لیے اسٹیٹ حکومت سے مشاورت کرے۔

62. DCC یقینی بنائے کہ بس اور ٹرام اسٹاپوں پر سیٹیں معمّر افراد کے چلنے کے ایک غیرمحسوس، محفوظ اور قابل رسائی نیٹ ورک کی تجاویز سے ہم آہنگ ہیں۔

کاریں

63. DCC لگاتار بنیادوں پر معمّر افراد کے لیے ڈرائیونگ انسٹرکٹروں کی مدد سے 'ڈرائیونگ بہتر کرنے' کے کورسوں کا انتظام کرے تاکہ خطرات کو کم کیا جاسکے۔

کار پارکنگ

64. DCC معمّر شہریوں کے سینٹرز کے قریب پارکنگ کے لیے متعدد بےقاعدہ جگہوں کی تعداد بڑھائے۔ ایسا کئی طرح کے زیادہ جدید طریقوں کو مدنظر رکھ کر کیا جائے تاکہ معمّر افراد کی پارکنگ کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے، مثال کے طور پر:

- معمّر افراد کے اکثر استعمال کی خدمات کے سامنے ڈراپ کرنے\پک کرنے کے پارکنگ زون بنائے جائیں؛ جیسے، صحت کی خدمات، شاپنگ سنٹر، معمّر افراد کے کلب، کھیلوں اور کمیونٹی کے گروپ؛
- مخصوص اوقات پر معمّر افراد کے لیے پارکنگ مختص کی جائے:
  - معمّر افراد کے لیے مخصوص پارکنگ ایسے اوقات کی بنیادوں پر کی طے کی جاسکتی ہے جس دوران کو معمّر افراد کو زیادہ پارکنگ کی ضرورت ہونے کا امکان ہو اور جس دوران دیگر رہائشیوں کے لیے پارکنگ کی ضرورت کم ہو؛
  - اس چیز کو DCC کی معاشی بڑھوتری کی سرگرمیوں کی حمایت میں استعمال کیا جاسکتا ہے: معمّر افراد کی ایسے اوقات کے دوران معاشی\سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی حوصلہ افزائی کرنا جس دوران عام کاروباری سرگرمیاں کم ہوتی ہیں۔
  - اس چیز کو ایسے پروگراموں کے ساتھ جوڑ کر استعمال کیا جاسکتا ہے جن میں کاروباروں کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ ان اوقات میں 'معمّر افراد کو رعایت' دیں؛
- کاروباری مالکان\تاجروں کی انجمنوں کے ساتھ مل کر دکانوں کے عقبی داخلے (مثلا جہاں عملہ ڈلیوری کے اوقات کے علاوہ پارک کرتا ہے) پر معمّر افراد کے لیے پارکنگ مختص کرنے کے لیے کام کرنا۔ ایسا کرنے سے عقبی داخلوں سے معذور افراد کی رسائی بہتر کیے جانے کا بھی امکان ہے جس سے کلائنٹ کچھ دکانوں سے گزر کر مرکزی شاہراہوں پر جاسکتے ہیں (جیسے Arthurton Rd پر واقع کار پارک سے High St Northcote تک رسائی)؛
- رضاکار ڈرائیور کے ساتھ رابطہ کروانا یا 'اوبر لوکل' ترتیب دینا جو پک اپ اور ڈراپ کرے (اسے بھی ایک معاشی بہتری کی سرگرمی کے طور پر شمار کیا جاسکتا ہے)؛
- رش نہ ہونے کے اوقات کے دوران معمّر افراد کے لیے مفت پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے کوشش کرنا؛ اور
- نئی تعمیرات یا دوبارہ کی جانے والی تعمیرات کے ڈیزائن میں ڈراپ \ پک کرنے کے راستوں کو شامل کیا جانا۔

کمیونٹی ٹرانسپورٹ

65. DCC بورڈنگ، رومنگ اور سرکاری گھروں میں رہنے والے معمّر افراد اور خطرے سے دوچار دیگر گروہوں کے افراد کے ساتھ ساتھ Darebin کے زیادہ پسماندہ علاقوں میں رہنے والے افراد کی حوصلہ افزائی کرے کہ وہ کمیونٹی ٹرانسپورٹ استعمال کریں۔ ایسا اس لیے کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو معلوم ہو کہ یہ خدمت دستیاب ہے اور اس تک کیسے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

معلوماتی اور ڈیجیٹل طاقت

شرکت کرکے معلومات حاصل کرنے کا طریقہ

66. DCC معمّر افراد کے لیے ایک شرکت کرکے معلومات حاصل کرنے کا پروجیکٹ تخلیق کرے جو جاری رہے۔

معلومات کا مشاورتی گروپ

67. DCC معمّر افراد کے لیے معلومات کا ایک مشاورتی گروپ تخلیق کرے جس میں خطرے کے شکار تمام گروہوں سے نمائندے شرکت کریں۔

معلومات تک رسائی کے لیے مدد اور معاونت

68. DCC مجوزہ رضاکار خدمت سے رضاکار حاصل کرکے انہیں لائبریریوں میں معمّر افراد کی مدد کے لیے استعمال کرنے پر غور کرے جو ان کو آن لائن اور کاغذی فارم مکمل کرنے میں مدد دیں – باقاعدگی سے ہونے والے ہفتہ وار سیشن آزمائے جاسکتے ہیں۔

یہ تجویز دی جاتی ہے کہ...

69. DCC ایک منظم طریقۂ کار اپنائے جس سے یہ یقینی بنایا جائے کہ ڈیجیٹل مواقع ایسے معمّر افراد تک پہنچائے جائیں جو اس وقت ان سے محروم ہیں اور جنہیں خطرات کا سامنا ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل شامل ہے:

- بنیادی سازوسامان کی فراہمی جیسے آئی پیڈز؛
- Neighbourhood Houses کی مدد کرنا کہ وہ گھر سے باہر نہ جاسکنے والے معمّر افراد کے لیے ایسی تربیت اور سازوسامان تیار کرے جو ان کے گھر میں فراہم کیا جاسکے۔
- ایسے افراد کے لیے پراثر پروگرام بنانا اور ان تک پہنچانا جو ڈیجیٹل تربیتی مواقع کے لیے کئی طرح کے کمیونٹی گروپس میں آنے کے قابل ہیں۔ ان تربیتی مواقع کے اوقات کار میں تبدیلی ممکن ہونی چاہیے؛ اور
- Darebin کے زیادہ پسماندہ علاقوں میں کورس فراہم کیے جائیں اور جن میں متعدد ضروریات کا خیال رکھا گیا ہو جیسے سوشل میڈیا، بات چیت جیسے اسکائپ یا ای میل یا وہ لوگ جو آن لائن معلومات تلاش کرنا چاہتے ہیں۔

معمّر افراد کے لیے سماجی شرکت

مقام کا نقصان

70. Darebin کے پسماندہ علاقوں میں DCC ایک تجرباتی سرگرمی شروع کرے جس میں کاؤنسل کا کارکن معمّر افراد کے لیے سماجی سرگرمیوں کے پروگرام چلائے۔ جس کا مقصد مقامی ملکیت اور نظم وانتظام قائم کرنا ہو، تاکہ آخرکار یہ گروپ معمّر افراد کے ایک ایسے گروپ میں تبدیل ہوجائے جو اس کے مقامی مالک ہوں اور اس کا نظام چلائیں، بجائے اس کے کہ یہ پروگرام کاؤنسل ایک خدمت کے طور پر چلاتی رہے۔

مقامی کمیونٹی اور معمّر افراد کے گروہوں کا نیٹ ورک

71. DCC سیکھنے اور معلومات کے تبادلے کی غرض سے معمّر افراد کے تمام کمیونٹی گروہوں پر مشتمل معمّر افراد کے کمیونٹی گروہوں کا ایک نیٹ ورک تشکیل دے اور اسے سہولتیں فراہم کرے، اس نیٹ ورک میں معمّر افراد کے تمام کمیونٹی گروہوں کے صدور شرکت کریں۔

72. DCC معمّر افراد کے گروہوں کے لیے ایک مستقل جگہ کا اضافہ کرنے کا سوچے جو ان کے لیے مفید ہو۔ ایسا اس طرح سے کیا جائے:

- DCC کی ملکیتی ایک بڑی جگہ کی شناخت کرکے جو کم استعمال ہوتی ہو یا استعمال میں نہ ہو اور DCC کی ملکیتی دو چھوٹی جگہوں کی شناخت کرکے – ان میں سے کم از کم ایک جگہ Darebin کے زیادہ پسماندہ علاقے میں ہو؛
- تینوں جگہوں کو کئی دفاتر\میزوں (فوٹو کاپی وغیرہ شیئر کرتے ہوئے) اور میٹنگز اور سرگرمیوں کے لیے بڑی جگہوں کی صورت میں بحال کیا جائے – یہ گروہوں کے لیے اور زیادہ سرگرمیاں کرنے کے لیے کافی ہونی چاہییں؛
- کچھ بڑے کمیونٹی کمیونٹی ادارے ان مشترکہ جگہوں پر اپنی شاخیں کھول سکتے ہیں جیسے University of the Third Age (U3A)؛
- U3A یا Neighbourhood House کے ایک بڑے ادارے کی نشاندہی کی جانی چاہیے اور اسے اس جگہ کا نظام چلانے اور اس جگہ پر واقع دوسرے گروہوں کی معاونت کرنے کے لیے مالی امداد دی جانی چاہیے۔

معمّر افراد کو عمومی کمیونٹی گروہوں اور سرگرمیوں میں شامل کرنے کے لیے معاونت

73. DCC ایسے عمومی کمیونٹی گروہوں کو خصوصی معاونت فراہم کرے جو زیادہ تعداد میں معمّر افراد کو شامل کرنے کی منصوبہ بندی کررہے ہوں۔ مندرجہ ذیل میں معاونت کی جاسکتی ہے:

- کھیلوں اور تفریح کے سامان میں تبدیلیاں
- معمّر افراد کو راغب کرنے کے لیے روابط بڑھانا
- تخلیقی کاموں کے مواقع بنانا جن میں معمّر افراد مرکزی شراکت کار ہوں۔

74. DCC نئے گروہوں اور سرگرمیوں کی معاونت کے لیے چھوٹی امدادیں دستیاب کرے، اس کے ساتھ ساتھ یہ امدادیں عمومی کمیونٹی گروہوں کے لیے بھی دستیاب ہونی چاہییں تاکہ وہ معمّر افراد کو شامل کریں اور ان کے لیے تبدیلیاں کریں۔ یہ امدادیں خصوصی طور پر Darebin کے پسماندہ علاقوں میں کمیونٹی سرگرمیوں اور گروہوں کی مدد پر مرتکز ہونی چاہئیں۔

معمّر افراد کے لیے ایک دفعہ منعقد کیے جانے والی تقریبات اور میلے

75. DCC معمّر افراد کی تقریبات کی حمایت کرے جن میں معمّر افراد کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ میلوں اور تقریبات کے اقدامات میں کلیدی کردار ادا کریں۔

76. DCC میلوں اور تقریبات میں پسماندہ معمّر افراد کی شمولیت کے لیے رابطے کی ایک پر اثر حکمت عملی بنائے جس میں یقینی بنایا جائے کہ تقریب میں شمولیت کے لیے محض وہ لوگ ہی نہ آئیں جو 'جانے پہچانے' ہوں۔

77. DCC تقریبات کے لیے کئی سالوں تک مالی معاونت کی یقین دہانی دے تاکہ ان میں شرکت کرنے والوں کی تعداد بڑھائی جاسکے۔

معمّر شہریوں کے کلب

78. DCC معمّر شہریوں کے کلبوں کی مالی معاونت کے لیے خاکے بنائے، جن میں اس پر غور شامل ہو:

- فی شخص کی بنیاد پر دی جانے والی مالی معاونت کو روکنا
- تمام گروہوں کو گروہ کے روزمرہ معاملات کے لیے ایک بنیادی رقم فراہم کرنا – میٹنگز، نظم و انتظام؛
- تمام گروہوں کو اشیاء اور خدمات کی صورت میں مالی امداد اور پبلک لائبلٹی انشورنس کی فراہمی جاری رکھنا؛
- مقامات کا انتظام کرنا (اور جب درخواست کی گئی ہو دفتر\میز)
- بس کے رعایتی سفر کے لیے براہ راست امداد دینا، بشمول بس بک کروانا؛
- یقینی بنانا کہ خطرے سے دوچار گروہوں سے معمّر افراد کلب کی سرگرمیوں میں حصہ لیں اور مخصوص سرگرمیوں کے لیے خصوصی امداد فراہم کرنا؛
- لوگوں سے رابطہ بڑھانے کی مخصوص سرگرمیوں اور Darebin کے علاقے میں رکنیت بڑھانے کی سرگرمیوں کے لیے الگ سے مالی معاونت (درخواست دینے کے ایک عمل کے ذریعے) کرنا؛
- Darebin کے زیادہ پسماندہ علاقوں میں سرگرمیوں کے لیے الگ سے مالی معاونت (درخواست دینے کے ایک عمل کے ذریعے) کرنا؛
- دلچسپی رکھنے والے معمّر افراد کے گروہوں کے لیے تین جگہیں بنانے کی غرض سے مقامات تلاش کرنا تاکہ وہاں وہ ایک دوسرے کے ساتھ اپنا صدرمقام قائم کرسکیں اور ان کے پاس دفتر\میز دستیاب ہو؛
- ایک مرکزی ادارے کی مالی معاونت کرنا تاکہ وہ مقام کا نظم وانتظام، معاونت، سہولت اور ثالثی کی ذمہ داری ادا کرسکے
- ایسے معمّر افراد تک رسائی اور ان کی شمولیت کی واضح توقعات اور نتائج کا نفاذ کرنا جو خطرے سے دوچار ہیں اور\یا اس وقت اس عمل سے باہر ہیں۔

U3A

79. DCC معاونت کی غرض سے U3A کو سالانہ کم از کم $4,000 کی امداد دے۔

80. DCC کمیونٹی میں ایسے افراد تک رسائی کے لیے U3A کو مخصوص مالی امداد دے جو U3A کے بارے میں نہیں جانتے اور\یا جو شرکت کرنے سے ڈرتے ہوں تاکہ انہیں دوستی کی پیشکش کی جاسکے اور شرکت کرنے کے لیے ان کی معاونت کی جاسکے۔

81. DCC معمّر افراد کے کمیونٹی گروہوں کے لیے اکٹھی مجوزہ جگہ پر U3A کو ممکنہ سربراہ ادارہ بنانے پر غور کرے۔

یہ تجویز دی جاتی ہے کہ...

Men's Shed

82. DCC کو چاہیے کہ وہ Darebin Men's Shed میں زیادہ مردوں کے جانے کے لیے کمیونٹی ٹرانسپورٹ کی معاونت فراہم کرے۔

83. Darebin میں DCC ایک نیا Men's Shed قائم کرنے پر غور کرے تاکہ مقامی رسائی بہتر بنائی جاسکے۔ یہ Neighbourhood House کے ساتھ قائم کیا جاسکتا ہے یا پھر نئی مجوزہ کمیونٹی حَب (تجویز 72 دیکھیں) کے ساتھ قائم کیا جاسکتا ہے۔

Probus

84. DCC کمیونٹی میں ایسے افراد تک رسائی کے لیے Probus کلبوں کو مخصوص مالی امداد دے جو Probus کے بارے میں نہیں جانتے اور/یا جو شرکت کرنے سے ڈرتے ہوں تاکہ انہیں دوستی کی پیشکش کی جاسکے اور شرکت کرنے کے لیے ان کی معاونت کی جاسکے۔

دیکھ بھال کرنے کے گروہ

85. DCC اس بات پر غور کرے کہ Carers Victoria کے ساتھ شراکت داری کرکے دیکھ بھال کرنے والے ایسے نئے گروہ بنائے جائیں جو ہم جنس پرست عورتوں، ہم جنس پرست مردوں، دوجنسی افراد، ٹرانسجینڈر، انٹرسیکس اور کوئیر (LGBTQI) اور CALD کے لیے ہوں یا ایسی جگہوں پر ہوں جہاں ایسے گروہ نہیں ہیں یا پھر یہ گروہ ایسی کمیونٹیوں کے لیے بنائے جائیں جو دیکھ بھال کے گروہ استعمال نہیں کرتیں۔

غم بانٹنے والے گروہ

86. DCC ایسے معمّر افراد کے لیے Compassionate Friends کی شراکت داری سے غم بانٹنے والے گروہوں کے فوائد کو آزمائے جو کسی کے فوت ہوجانے کے غم سے گزر رہے ہیں۔

Neighbourhood Houses

87. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ Neighbourhood Houses کے ساتھ مل کر DCC معمّر افراد کے لیے ایک جانچ اور سروے کرے تاکہ Neighbourhood House میں معمّر افراد کی شمولیت کے لیے ایک مخصوص حکمت عملی بنائی جاسکے۔

88. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ Neighbourhood Houses نیٹ ورک کے ساتھ مل کر DCC معمّر افراد پر مشتمل Neighbourhood Houses میں شمولیت کی مشاورتی کمیٹی (Older Persons' Neighbourhood House Inclusion Strategy Advisory Committee) بنائے جس میں معمّر افراد اور Neighbourhood Houses اور DCC کے نمائندے ہوں۔

89. DCC کو یہ تجویز دی جاتی ہے کہ وہ Neighbourhood Houses سے سالانہ رپورٹیں وصول کرے جن میں معمّر افراد کی معاونت کے لیے خصوصی سرگرمیوں اور/یا Neighbourhood Houses کی سرگرمیوں میں معمّر افراد کی تعداد بڑھانے کا ذکر ہو۔

آن لائن کمیونٹی گروہ اور سرگرمیاں

90. ڈیجیٹل آگاہی میں فرق کو مٹانے اور آن لائن کمیونٹی گروہوں اور سرگرمیوں سے جڑنے کے لیے DCC اپنے مقاصد میں اس بات کا اضافہ کرے کہ تمام پس منظروں سے تعلق رکھنے والے اور تمام درجوں کی آمدنی والے معمّر افراد کو اس میں شامل کیا جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

91. DCC آن لائن کمیونٹی کا ایک لائحۂ عمل بنائے جس میں اس پر عمل درآمد کی مدت بھی شامل ہو۔

لائبریریاں

92. گھر سے باہر نہ نکل سکنے والے رہائشیوں تک اپنی خدمات کا دائرہ بڑھانے کے لیے DCC گھر پر لائبریری کی خدمات پہنچانے والی خدمت کی مالی امداد کرے۔

93. DCC کی لائبریریوں کی نئی حکمت عملیوں میں معمّر افراد کی ضروریات پر خصوصی غور کیا جائے، خاص طور پر ان کے رہائشی مقام اور جغرافیائی رسائی کے حوالے سے۔

رضاکار

94. DCC ایک رضاکار پروگرام بنائے جس میں معمّر افراد اور تمام عمر کے افراد کو موقع ملے کہ وہ کمیونٹی میں موجود دوسرے لوگوں کی مدد کرسکیں۔

95. DCC کا رضاکار پروگرام رضاکاروں، بشمول معمّر رضاکاروں، کی نشاندہی، بھرتی اور انہیں معلومات پہنچانے کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت اور معاونت بھی کرے۔

اگلے اقدامات

عملدرآمد، نگرانی اور رپورٹنگ

96. DCC مختلف اداروں پر مبنی ایک پروجیکٹ کنٹرول گروپ بنائے جو عمل درآمد کا ذمّہ دار ہو۔ پروجیکٹ کنٹرول گروپ:

- کا سربراہ DCC کی ایگزیکٹو لیڈرشپ ٹیم میں سے ایک جنرل مینجر ہو اور اس میں DCC بھر کے افسران ہوں جو معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin بننے کی نگرانی کرنے کے لیے مناسب تجربہ، معلومات اور اختیارات رکھتے ہوں؛
- معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات اور سرگرمیوں کی ترجیح، وسائل اور ان پر عملدرآمد کے بارے میں غور کرے اور کاؤنسل کو تجویز دے؛ اور
- باقاعدگی سے مشاورت کا انعقاد کرے اور DCC کے مندرجہ ذیل حصوں سے تجویز طلب کرے:
  - فعال اور صحتمندانہ بڑی عمر کا مشاورتی بورڈ
  - معمّر افراد کے کمیونٹی گروہوں کا نیٹ ورک
  - معلومات کا مشاورتی گروہ
  - معمّر افراد پر مشتمل باہر کی جگہوں کی جانچ کرنے والی مشاورتی ٹیم
  - معمّر افراد پر مشتمل Neighbourhood Houses میں شمولیت کی مشاورتی کمیٹی

97. مختلف اداروں پر مبنی پروجیکٹ کنٹرول گروپ معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin بنانے کے متفقہ معاہدوں پر ہونے والے کام کے بارے میں کاؤنسل کو سالانہ بنیادوں پر رپورٹ دے۔ ایسا کاؤنسل کے کامیابیوں کے حصول پر نگرانی کے 2017 تا 2021 کے عزائم کے حصے کے طور پر کیا جائے، بالخصوص

- **عزم 2:** اپنی کمیونٹی میں لوگوں کو اپنی زندگیاں بہتر طور پر گزارنے کے مواقع دے کر ان کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانا؛
- **عزم 3:** یقینی بنانا کہ منصوبہ بندی کا ہمارا نظام اعلی معیار کی اور پائیدار ترقی کو سہل بنائے جس سے ہماری کمیونٹی کو معاشرتی، ماحولیاتی اور معاشی فوائد حاصل ہوں؛ اور
- **عزم 5:** مستقبل کے مسائل کو حل کرنے کے بہترین اثاثے کے طور پر مساوات کی بنیاد پر راہنمائی کرنا اور اپنی متنوع کمیونٹی کو تسلیم کرنا۔

98. ان عزائم کے مطابق رپورٹ کرتے ہوئے مختلف اداروں پر مبنی پروجیکٹ کنٹرول گروپ کو چاہیے کہ وہ کاؤنسل کو اس بارے میں تجویز دے:

- معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin یقینی بنانے کی رفتار اور درپیش خطرات؛ اور
- ان ابھرتے ہوئے مسائل کے لیے مناسب اقدامات جو معمّر افراد کے لیے دوستانہ Darebin بنانے کے DCC کے وعدوں پر پورا اترنے کی قابلیت پر اثرانداز ہوسکتے ہیں۔

کمیونٹی کے ارکان رپورٹ کے مسوّدے پر 10 اپریل سے 15 مئی 2019 تک اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

اپنی خیال ظاہر کریں اور ان طریقوں سے کاؤنسل کو تحریری رائے دیں:

- **ای میل –** AgeFriendly@Darebin.vic.gov.au پر
- **خط -** City of Darebin,
  Aged and Disability Department,
  PO Box 91, Preston VIC 3072

رپورٹ کے مسوّدے پر مشاورت کے بعد، پینل کمیونٹی کی رائے کا جائزہ لے گا اور حتمی رپورٹ تیار کرے گا۔

پھر حتمی رپورٹ رسمی طور پر Darebin کاؤنسلرز کو جولائی 2019 کی کاؤنسل میٹنگ کے دوران پیش کی جائے گی۔